لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم رجب المرجب ۱۳۳۸ھ مطابق ۲۲ مارچ ۱۹۲۰ء	نمبر ۱۲

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون			نمبر شمار
۲	۲ - مخالفت بجانے باجہ انگریزی	۱	اضافہ ایگزیکٹو انجینیر صاحب ...	۱
۲	۴ - تبدیلی [illegible]	۲	تقرر [illegible] شرف الدین احمد خان ...	۳
۳	۶ - [illegible]	۲	رخصت خانبہادر سید قاسم علی صاحب	۵
۴	۸ - [illegible]	۳	مستقل اضافہ انجینیر صاحب [illegible]	۷
۴	۱۰ - تقرر [illegible]	۳	[illegible]	۹
۵	۱۲ - [illegible]	۳	رخصت [illegible]	۱۱
		۴	[illegible]	۱۳
ضمیمہ			نقشہ نرخنامہ اجناس	۱۴

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۳ مارچ ۱۹۲۰ء

حسب پیشی یادداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر مسٹر [illegible] ایگزیکٹو انجینیر کی تنخواہ میں مبلغ ایک سو روپیہ ماہوار جس تاریخ سے کہ وہ ایگزیکٹو انجینیر مقرر ہوئے ہیں اضافہ منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

رپورٹ کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ انفنٹری فورسیز منظور ہے۔ شہر کی تقاریب میں فرقہ باجہ نواز انگریزی باجہ نہ بجائین۔ البتہ تاشہ ڈھول بجا سکتے ہین۔ شہر کی تقاریب مین جسکو ضرورت باجہ کی ہو اُسے مشک کا باجہ گور کھا اور طنبور جچ تھرڈ وسکنڈ بٹالین کا اجرت پر درخواست پیش کرنے کی حالت مین اسطرح ملسکتا ہے کہ ایک وقت کے لئے تین روپیہ اور دو وقت کے لئے چھ روپیہ اجرت کے لئے جائین گے۔ ذریعۂ پولیس حسب صراحت صدر انسداد و انتظام کارروائی عمل مین آئے۔ احکام جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرسانند

جناب عالی

اشخاص سیشیخ فوج وغیرہ انگریزی باجہ فوج مین ملازمت کرکے سیکھتے ہین اور جب باجہ کے کام مین ہوشیار ہو جاتے ہین تو غیر حاضر وغیرہ ہو کے نوکری چھوڑ کر چلے جاتے ہین۔ اور اپنا نجی باجہ انگریزی خارج شہر مین تقریبات رؤسا و رعایا کی جب ہوتی ہین اجرت پر بجاتے پھرتے ہین اور سرکاری نوکری کی پروا نہین کرتے۔ چونکہ یہ ایک کثیر رقم سرکاری کھا کر باجہ سیکھتے ہین اور نوکری چھوڑ دیتے ہین جس سے انتظام فوجی مین خرابی پیدا ہوتی ہے۔ بغرض انتظام بندگان حضور معلے دام اقبالہم وملکہم نے زبانی ارشاد فرمایا ہے کہ انگریزی باجہ بجانے کی جملہ تقریب وغیرہ مین سیشیخ لوگونکو ممانعت کیجائے کہ وہ کبھی انگریزی باجہ شہر مین نہ بجائین البتہ تاشہ باجہ بجا سکتے ہین۔ اور شہر کی تقریبات مین انگریزی باجہ مشکی گور کھا کمپنی اور طنبور باجہ تھرڈ وسکنڈ بٹالین اجرت پر دیا جائے اور اجرت لیجائے جو ایک وقت کو باجہ مذکور لے تین روپیہ اور جو دو وقت کو لے چھ روپے لئے جائین۔ لہذا امید وار حکم

سنظوری عرضداشت ہذا اجلاس ہمایون مین پیش ہے۔ واجب عرض ہے۔ دولت و اقبال لازوال باد

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

الاؤنس

۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

حسب استدعا صاحب ہوم سکریٹری بہادر منشی شرف الدین احمد خان ہیڈ کلرک ہوم ڈپارٹمنٹ کو بیس روپیہ ماہوار الاؤنس بابت کار محکمہ تعمیرات ہے۔ ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء تاریخ کارکردگی سے دیا جانا منظور فرمایا گیا۔ یہ الاؤنس محکمہ تعمیرات سے ملا کریگا۔

تبدیلی و اضافہ

۱۶ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

جوالا پرشاد اہلمد سررشتہ دیوانی صدر سزا یافتہ برخاست شدہ کی بجائے کنہیا لال سیاہہ نویس باضافہ تین روپیہ ماہوار۔ اور بجائے کنہیا لال مرلی سہائے سیاہہ نویس محکمگی باضافہ دو روپیہ ماہوار مقرر ہوئے۔ اور گردہاری لال کے تین روپیہ اور لکھن لال کے دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

رخصت پندرہ یوم مطلوبہ خانبہادر سید قاسم علی صاحب ممبر بورڈ آف ڈائرکٹ ۱۵ مارچ سنہ حال سے بغرض روانگی میرٹھ منظور ہوئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

حسب سفارش صاحب اسسٹنٹ سرجن بشیام لال نیٹو ڈاکٹر شفاخانہ مانپور کی تنخواہ میں ایک روپیہ ماہوار۔ اور آٹھ روپیہ الاونس میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ تا تعیناتی مانپور منظور ہوا۔ آئندہ جو ڈاکٹر شفاخانہ مانپور میں تعینات ہوگا وہ بھی پانچ روپیہ ماہوار الاونس تا تعیناتی پایا کریگا۔

مستقلی مع اضافہ

۱۷ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

حسب ارشاد حکم بندگان عالی حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم۔ فی الحال بمشاہرہ تین سو پچیس روپیہ ماہوار مسٹر ماجد علیخان صاحب مستقل انجنیر روشنی برقی کئے گئے۔ پچاس روپیہ ماہوار جو انکو الاونس قائم مقامی ملتا تھا وہ برائے آئندہ مسدود ہوا۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ تحصیلات سے جو کاغذات باندراج چک رسیدات اجلاس و دفاتر سرکاری میں بھیجے جاتے ہیں۔ عدم واپسی چک رسیدات کی شکایت تحصیلات سے آتی ہے۔ محرر ڈاک سے دریافت کیا جاتا ہے تو اسکا صرف یہ جواب ہوتا ہے کہ جسقدر چک رسیدات آئیں تھیں وہ سب واپس بھیجدی گئیں لیکن باقاعدہ کوئی ثبوت واپسی چک رسیدات کا نہیں دکھایا جاتا ہے جس سے پایا جاتا ہے کہ چک رسیدات کی واپسی بلا اندراج ہوتی ہے۔ ایسے ہی صدر سے جو کاغذات مفصلات کو ذریعہ محرر ڈاک باندراج چک رسیدات بھیجے جاتے ہیں انکی واپسی کی بھی یہی صورت ہوتی ہے جسکے باعث سے کاغذات کی تلاش میں بسا اوقات وقت پیش آتی ہے۔ اسمیں عذر پیش کیا جاتا ہے کہ چک رسید ابھی واپس نہیں آئی ہے جو گزرنے کاغذ کا نام معلوم ہو سکے۔ ابھی حال میں بندوبست سے باندراج چک رسید لوہا لاڑپور کے مسن تحصیل ملک کو بھیجے گئے تو صرف چک رسید کے لاپتا ہونے کی وجہ سے مسن مذکورہ کی تلاش میں کاغذات گردش میں ہیں چک رسیدات کا مرکز محرر ڈاک ہی اس لئے آئندہ کے لئے یہ انتظام کیا جاتا ہے کہ جو چک رسیدات مفصلات سے آئیں وہ بعد درج ہونے کاغذات کے دفاتر اجلاسوں سے ہمروز واپس لے لئے جائیں اور دوسرے روز باندراج چالان کل چک رسیدات آمدہ واپس کیجائیں اور چک رسید کا پتا تاریخ وغیرہ سے جو ہو درج کیا جائے تاکہ آئندہ تلاش کے وقت ملسکے ایسے ہی اجلاسوں و دفاتر میں جو کاغذات مفصلات کو بھیجے جاتے ہیں انکی چک رسیدات بھی تحصیلات سے دوسرے روز بعد ثبت دستخط واپس آکر ذریعہ محرر ڈاک صیغہ جات متعلقہ میں واپس پہنچ جانا چاہئے۔ ان چک رسیدات کا بھی اندراج کرکے واپس کیجائے۔ تحصیلات میں محرر مال اور صدر میں محرر ڈاک اسکے ذمہ دار رہینگے کہ آئندہ اس ہدایت کے خلاف عمل نہو اور بلا اندراج چک رسیدات کی واپسی نہو ورنہ سخت مواخذہ کیا جائیگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

جملہ تحصیلداران محال کے نام احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل روبکار ہذا کی بخدمت حاکم صاحب صدر و صاحب مہتمم بندوبست و ناظم صاحب و صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری بھیجی جائے۔ ایک نقل سررشتہ دار صاحب کے پاس مرسل ہو کہ وہ محرر ڈاک کو کافی طور پر ہدایت کردیں کہ موافق ہدایت ہذا عمل کرے۔ ایک نقل فائل بک اجلاس میں چسپان ہو۔ ایک نقل واسطے گزٹ

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تنزل و ترقی

۱۶ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

حسب منظوری حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

ضیاء الحق سب انسپکٹر انچارج تھانہ ٹانڈہ کا بقصور اخفاء وقوعہ غارتگری قتل ایک درجہ پانچ روپیہ ماہوار کا ۔ ایک سال کیواسطے تنزل کیا گیا ۔ اور رضی احمد خان ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار پچیس روپیہ ماہوار کو پانچ روپیہ اضافہ دیکر ایک سال کیواسطے سب انسپکٹر مقرر کیا گیا ۔

ترقی

۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

حسب منظوری اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم تقرر تحسین خان و محمد حسین خان ہیڈ کانسٹبلان کا بمشاہرہ تیس تیس روپیہ ماہوار بجائے رفیع الدین خان و سید منور حسین بعہدہ سب انسپکٹری امتحاناً چھ چھ ماہ کیلئے منظور ہوا ۔ اور تحسین خان تھانہ ٹانڈہ میں انچارج تعینات ہوے ۔

رخصت

۱۸ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس رخصت چھ ماہ عزیز احمد خان ہیڈ کانسٹبل بوجہ علالت بوضع تنخواہ منظور ہوئی ۔

۱۸ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس رعایتی رخصت پندرہ یوم منشی ضیاء الحق سب انسپکٹر بضرورت شادی دختر مشار الیہ منظور ہوئی ۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

منشی شیو سہائے نائب محافظ دفتر دیوانی مشاہرہ دار اکیس روپیہ ماہوار کا انتقال ہو گیا ۔ لہذا مستوفی مذکور کا نام ملازمت سے خارج کیا جائے ۔ نائب محافظ دفتر دیوانی کی جگہ منشی شکیل احمد اہلمد اسسٹنٹی مشاہرہ دار سولہ روپیہ ماہوار باضافہ پانچ روپیہ ماہوار مقرر کئے جائیں ۔ اور حبیب الرحمن خان ولد عبد الرحمن خان اپرنٹس عدالت فوجداری ضلع بجائے منشی شکیل احمد اہلمد بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار مقرر کیا جائے ۔ بعد مدت چھ ماہ صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول نسبت کام حبیب الرحمن خان مذکور رپورٹ کریں ۔ اور منشی نور احمد اہلمد اسسٹنٹی درجہ اول کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کئے جائیں ۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ۱۴ لغایت ۲۱ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	•	۲۰ ار	۵ ار	•	•	۵ ار	
نخود خالص	•	۴ ار	۰۴ ار	•	•	۲۰ ار	
نخود کسر آمیز	•	•	۵ ار	•	•	۵ ار	
کسہ	•	•	۵ ار	•	•	۰۵ ار	
ماش	•	۵ ار	۵ ار	•	•	۵ ار	
مونگ	•	۵ ار	۰۴ ار	•	•	۳ ار	
مکا	•	۸۰ ار	۰۹ ار	•	•	۱۰ ار	
جئی	•	•	•		•	۱۰ ار	
گوجئی	•	•	•	•	•	۷ ار	
مسور	•	۶ ار	۶ ار	•	•	۵ ار	
ارہر	•	•	۰۶ ار	•	•	•	
برنج	•	۴ ار	۴ ار	•	•	۴ ار	
روغن زرد	•	—۱۱ ار	•	•	•	—۱۱ ار	
روغن سیاہ	•	ـ۱۱ ار	۱ ار	•	•	ـ ار	
روغن کنجد	•	۱ ار	۳ ار	•	•	۳ ار	
نمک سانبھر	•	۰۹ ار	۱۰ ار	•	•	۱۰ ار	
نمک لاہوری	•	۸ ار	۷ ار	•	•	۷ ار	
قند سیاہ	•	۵ ار	۵ ار	•	•	۰۵ ار	
باجرہ	—	۷ ار	۹ ار			•	